ARVoRe
Programa de
Apoio ao Retorno Voluntário
e à Reintegração - ARVoRe VII

IOM
UN MIGRATION

# پرتگال میں رہتے ہیں، لیکن اپنے آبائی ملک واپس جانا چاہتے اور اعانت کی ضرورت ہے؟

انٹرنیشنل آرگنائزیشن فآر مائیگریشن (IOM) سے رابطہ کریں

## رضاکارانہ واپسی اور اتحاد نو میں اعانت کا پروگرام ARVoRe VII کیا ہے؟

ARVoRe VII نٹرنیشنل آرگنائزیشن فآر مائیگریشن (IOM) کے ذریعہ نافذ کردہ ایک پروگرام ہے جس کا مقصد ایسے تارکین وطن کو محفوظ اور باوقار اعانت فراہم کرنا ہے جو پرتگال میں بے دست و پا ہیں، جو اپنے آبائی ملکوں کو واپس جانا چاہتے ہیں، لیکن اپنی واپسی کے سفر کی استطاعت نہیں رکھتے۔ اس پروگرام کے لیے اسائلم مائیگریشن اینڈ انٹیگریشن فنڈ (AMIF) اور پرتگیز امیگریشن اینڈ بارڈرس سروس (SEF) نے مالی اعانت فراہم کی ہے۔

## یہ کس طرح کام کرتا ہے؟

### 1. ہم سے رابطہ کریں

اپنے ملک واپسی کا فیصلہ کرنا دشوار ہو سکتا ہے۔ (IOM) ٹیم یہ وضاحت کرنے کے لیے دستیاب ہے کہ پروگرام کس طرح کام کرتا ہے، آپ کون سی اعانت حاصل کرسکتے ہیں اور وہ آپ کے سوالوں کے جواب دے سکتی ہے تاکہ آپ رضاکارانہ اور باخبر فیصلہ لے سکیں۔ فراہم کردہ مشاورت انفرادی اور رازدارانہ ہے۔
آپ لِسبن (Lisbon) کے (IOM) آفس سے ٹیلیفون، ای میل، Facebook یا WhatsApp کے ذریعہ رابطہ کر سکتے ہیں۔

### 2. اپنا فیصلہ لیں

آآپ کو ہماری خدمات سے متعلق تمام طریق کار کی وضاحت کردینے کے بعد، آپ کے پاس اپنے اگلے قدم کے بارے میں سوچنے کے لیے پورا وقت ہوگا۔
یہ جاننا ضروری ہے کہ آپ کارروائی کے کسی بھی مرحلے پر، یہاں تک کہ پروگرام میں اندراج کے بعد بھی اپنا ذہن تبدیل کر سکتے ہیں۔

### 3. ARVoRe VII پروگرام میں اندراج

آپ لِسبن میں (IOM) کے ساتھ ملاقات کا وقت لے سکتے ہیں۔ اگر آپ لِسبن میں نہیں رہتے تو، ہم آپ کو ARVoRE VII کی اس شریک کار تنظیم کا رابطہ فراہم کر سکتے ہیں جو آپ کی رہائش گاہ کے قریب ہو۔ پرتگال کے پورے قومی خطے، بشمول خودمختار خطوں [مڈیریا (Madeira) اور آزوریس (Azores) ] میں پروگرام کے شرکاء کاران کے امدادی نیٹ ورک کا ایک متنوع نیٹ ورک موجود ہے، جو آپ کو وصول کرنے، آپ کو تمام ضروری معلومات فراہم کرنے اور پروگرام میں آپ کے داخلے کو رجسٹر کرنے کے لیے دستیاب ہے۔

### 4. نفسیاتی اعانت

پروگرام میں آپ کا اندراج ہونے کے بعد، آپ اپنے ملک واپس ہونے ے قبل نفسیاتی اعانت کی درخواست کر سکتے ہیں۔ پروگرام آپ کو ایسی کسی شریک کار تنظیم کے پاس بھیج سکتی ہے جو نفسیاتی اعانت میں خصوصی مہارت رکھتی ہو۔

### 5. روانگی میں اعانت

آپ کے پروگرام کی درخواست منظور ہونے کے بعد، ہم یہ معلوم کرنے کے لیے آپ سے رابطہ کریں گے کہ آیا آپ سفر کے لیے تیار ہیں اور پھر آپ کے سفر کی بُکنگ کریں گے۔ سفر والے دن، ہم لِسبن ایئر پورٹ پر موجود رہیں گے، ہمارے پاس آپ کا ہوائی ٹکٹ ہوگا اور بورڈنگ کی تمام کارروائیوں میں ہم آپ کے ساتھ رہیں گے۔

ARVoRE VII پروگرام سے اعانت کے تحت درج ذیل فراہم کیا جاتا ہے:

**ہوائی جہاز کا ٹکٹ**، جو آپ کے ملک یا اس تیسرے ملک کے سب سے زیادہ راست اور سستے روٹ کا ہوگا جہاں آپ کو داخلے کی اجازت ملی ہے۔

سفر والے دن **€ 50** کا جیب خرچ جو ان دیگر اخراجات کے لیے ہے جو سفر کے دوران ہو سکتے ہیں۔

IOM UN MIGRATION

**پرتگال میں IOM کے رابطے**

ٹیلیفون **+351 213 242 940**
موبائل فون **+351 915 030 860**
ای میل **iomlisbon@iom.int**

**www.retornovoluntario.pt** I www.facebook.com/**oimportugal/**

شریک مالی اعانت

FUNDO ASILO, MIGRAÇÃO E INTEGRAÇÃO
SGMAI SECRETARIA GERAL – MINISTÉRIO DA ADMINISTRAÇÃO INTERNA
União Europeia
SEF SERVIÇO DE ESTRANGEIROS E FRONTEIRAS

## 6. آبائی ملک میں اتحاد نو کے لیے اعانت

اتحاد نو کے لیے اعانت میں شامل ہے:

- مشاورت: آپ کی روانگی سے قبل، ہماری ٹیم آپ کو ایسی معلومات حاصل کرنے میں مدد کر سکتی ہے جس کی ضرورت آپ کو اپنے آبائی ملک میں واپسی کے لیے ہو؛
- کچھ معاملات میں، اور آپ کی ضرورتوں کے لحاظ سے، آپ کے آبائی ملک میں آپ کو مالی اعانت فراہم کیے جانے کا امکان بھی ہے، جیسے کہ کوئی چھوٹا کاروبار قائم کرنے یا تکنیکی کورس کرنے کے لیے اعانت۔ مالی اعانت ہر فرد کی ضرورتوں کے مطابق مختلف ہوتی ہے اور یہ زیادہ سے زیادہ € 2000 تک کی ہو سکتی ہے۔

اتحاد نو سے متعلق اعانت کی درخواست لازمی طور پر سفر سے قبل کی جانی چاہیے۔ اگر آپ کی درخواست منظور ہو جاتی ہے تو، آپ کو آپ کی واپسی سے قبل اس کی اطلاع دی جائے گی۔ اتحاد نو کے لیے اعانت کے ہر معاملے کی تشخیص اور

نگرانی انفرادی طور پر، اتحاد نو کے انفرادی منصوبے کی تیاری سے لے کر آبائی ملک میں 6 مہینے کی نگرانی اور فالو اپ کے ذریعہ کی جاتی ہے۔

## اکثر پوچھے گئے سوالات (FAQ)

### میرا خاندان میرے ساتھ ہے، کیا انہیں پروگرام سے فائدہ مل سکتا ہے؟

ہاں۔ یہ پروگرام انفرادی درخواست دہندگان اور خاندانوں کی اعانت کرتا ہے۔
پروگرام میں نابالغ افراد کے لیے بھی اعانت شامل ہے، خواہ وہ کسی کے ساتھ ہوں یا نہ ہوں۔

## مجھے کب پروگرام کا فائدہ نہیں مل سکتا؟

چار ایسے خصوصی حالات ہیں جہاں (IOM) اعانت فراہم نہیں کرسکتی:

1. اگر آپ یوروپین یونین (EU) کے ملک کے شہری ہیں یا کسی ایسے شخص کے قریبی رشتہ دار ہیں جو یوروپین یونین کے ملک کا شہری ہے؛
2. اگر پرتگالی نظام انصاف کے ساتھ آپ کے معاملات یا مسائل ہیں جس کے سبب آپ اپنے آبائی ملک واپس نہیں لوٹ سکتے؛
3. اگر آپ پہلے اس پروگرام سے مستفید ہو چکے ہیں؛
4. اگر آپ غلط بیانات دیتے ہیں؛

ان مذکورہ اور پروگرام سے متعلق دیگر تقاضوں کی تعمیل کرنے میں ناکام رہنا اخراج کی بنیاد بن سکتا ہے۔


## درخواست دینے کے لیے کن دستاویزات کی ضرورت ہے؟



وابستگی



رہائش کا اجازت نامہ (اگر کوئی ہو)



پاسپورٹ
(کارآمد یا میعاد ختم شدہ)

آپ کے پاس کوئی شناخت نہ ہو تو براہ کرم (IOM) سے رابطہ کریں۔

### کیا واپسی میں اعانت کے لیے مجھے کوئی اخراجات کرنے ہوں گے؟

نہیں۔ سفری اخراجات اور اعانت کی فراہمی اور انتظام ARVoRe VII پروگرام کے ذریعہ کیا جاتا ہے اور پروگرام کے مستفیدین پر کوئی اخراجات عائد نہیں کیے جاتے۔

### کیا پروگرام کا فائدہ لے کر میں کسی پابندیوں سے مشروط ہوں گا؟

ہاں۔ نافذالعمل قانون (دفعہ 139 - رضاکارانہ واپسی کے لیے اعانت، قانون نمبر 23/2007 ، مورخہ 4 جولائی جو قومی خطے میں غیر ملکیوں کے داخلہ، قیام، روانگی اور اخراج کے لیے قانونی التزام کی منظوری دیتا ہے، حسب ترمیم بذریعہ قانون نمبر 29/2012 ، مورخہ 9 اگست، بذریعہ قانون نمبر 56/2015 ، مورخہ 23 جون، بذریعہ قانون نمبر 102/2017، مورخہ 30 جون، بذریعہ قانون نمبر 59/2017

مورخہ 31 جولائی، بذریعہ قانون نمبر 102/2017 ، مورخہ 29 اگست، بذریعہ قانون نمبر 26/2018، مورخہ 5 جولائی اور بذریعہ قانون نمبر 28/2019، مورخہ 29 مارچ)، پروگرام کے مستفیدین پر دو قسم کی پابندیاں عائد کرتا ہے:

- **پرتگال میں داخلے پر 3 سالوں کے لیے پابندی؛**
- اگر آپ پرتگال میں قانونی طور پر رہ رہے ہیں تو، آپ کو پرتگیز امیگریشن اینڈ بارڈرس سروس (SEF) کے سرحدی چیک پوائنٹ پر اپنا رہائشی پرمٹ واپس کرنا ہوگا۔

### اگر میں پرتگال میں داخلے پر 3 سالہ پابندی سے قبل واپس جانا چاہوں تو، میں کیا کرسکتا ہوں؟

نافذالعمل قانون (حکمنامہ آرٹیکل 80، جو فرمان نمبر 84/2007 ، قانون نمبر 23/2007 ، مورخہ 4 جولائی، جو قومی خطے میں غیر ملکیوں کے داخلہ، قیام، روانگی اور اخراج کے لیے قانونی التزام کی منظوری دیتا ہے) یہ صراحت کرتا ہے کہ اگر آپ داخلے پر 3 سالہ پابندی ختم ہونے سے قبل پرتگال میں واپس ہونا چاہتے ہیں تو، یہ ضروری ہے کہ آپ اپنے داخلہ کی درخواست دینے کے لیے اپنے رہائشی ملک کے پرتگالی قُنصل خانہ سے رابطہ کریں۔ پرتگال میں داخلہ صرف آپ کی اعانت سے متعلق رقم ریاست پرتگال کو واپس کرنے کے بعد ہی قبول کیا جائے گا، جو یہ ہیں: ہوائی جہاز کے ٹکٹ کی قیمت، ایئرپورٹ پر آپ کو دیا گیا جیب خرچ اور اتحاد نو کی اعانت والی رقم (اگر آپ نے اس اعانت کا فائدہ اٹھایا ہو)۔ ان رقوم میں قانونی شرح سود کے مطابق اضافہ ہوگا۔

### انٹرنیشنل آرگنائزیشن فآر مائیگریشن- ہمارے بارے میں

اانٹرنیشنل آرگنائزیشن فآر مائیگریشن (IOM) اقوام متحدہ کی ایجنسی برائے ترک وطن ہے۔ اس کا صدر دفتر جینیوا، سوئٹزرلینڈ میں ہے، اور اس کے دفاتر 150 سے زیادہ ممالک، بشمول پرتگال میں ہیں۔ (IOM) کا مشن سبھی کے فائدے کے لیے نقل وطن کا بندوبست کرنا ہے اور اس کے کام کی بنیاد، باضابطہ نقل وطن اور انسانیت نواز حالات کا فائدہ تارکین وطن اور معاشرے کو فراہم کرنے کے اصول پر ہے